Zarai Taraqiati Bank Ltd.

Public Relations & Media Services Department

Head Office, P.O Box No.1400, Islamabad.

Tel: 051-9252681, 051-9253081, Fax: 051-9252682

E.mail: ztblpr@ztbl.com.pk. Web: www.ztbl.com.pk

پریس ریلیز

<u>اسلام آباد: 19 ستمبر، 2019 :</u> زرعی ترقیاتی بینک (ZTBL) اور حکومت گلگت بلتستان کے درمیان زرعی ترقی اور غربت کم کرنے بارے میں تعاون کی تفہیمی یادداشت (MOU) پر دستخط کیے گئے۔ جو کہ یقینی طور پر گلگت بلتستان کی دیہی آبادی کی معیشت کو بہتر کرنے اور غذائی ضروریات پورا کرنے کا باعث بنے گا۔ یہ قدم محترم وزیراعظم کے کم ترقی یافتہ علاقوں میں زرعی ترقی اور غربت کم کرنے کے ویژن کے تحت لیا گیا ہے۔

ZTBL جو کہ ملک کے زرعی فنانسنگ اداروں میں پہلا ادارہ ہے اور اپنی 502 برانچوں کے وسیع نیٹ ورک کے ساتھ پہلے سے ہی حکومت آزاد جموں کشمیر اور صوبہ پنجاب کے ساتھ باہمی تعاون کی بنیاد پر اس طرح کے اقدام کر رہا ہے جس کے تحت صارف صرف اپنے قرضہ کی اصل رقم واپس کرتا ہے اور سود متعلقہ حکومت برداشت کرتی ہے۔ جبکہ دوسرے صوبوں کے ساتھ بھی اس مطابق مذاکرات جاری ہیں۔

زرعی ترقیاتی بینک نے حال ہی میں آزاد جموں کشمیر کے باہمی اشتراک سے AJK میں ڈیری فارمنگ سیکٹر کی ترقی کیلئے ایک نئی سکیم متعارف کروائی ہے۔ جس کے تحت بینک چھوٹے ڈیری فارمرز کو فنانس کرے گا اور ابتدائی طور پر 300 صارفین اس سکیم سے فائدہ اٹھا سکیں گے۔ اسی طرح بینک حکومت پنجاب کے ساتھ ای کریڈٹ سکیم میں بھی حصہ لے رہا ہے جہاں بینک ایک لاکھ سے زیادہ صارفین میں 13 ارب روپے کی خطیر رقم تقسیم کر چکا ہے۔

یادداشت پر دستخط کی یہ تقریب گلگت بلتستان ہاؤس اسلام آباد میں آج مورخہ 19 ستمبر 2019 بروز جمعرات منعقد ہوئی جس میں گلگت بلتستان کے وزیراعلیٰ، سیکریٹری زراعت، لائیوسٹاک اور فشریز، اور زرعی ترقیاتی بینک کے قائم مقام صدر شیخ امان اللہ نے اپنی ٹیم جس میں ZTBL کے سینیئر افسران شامل تھے کے ساتھ شرکت کی۔ گلگت بلتستان میں ZTBL کی 11 برانچوں میں زرعی قرضوں کا کام پہلے ہی جاری ہے۔ جبکہ زرعی بینک وزیراعلیٰ کے ویژن کے مطابق گلگت بلتستان میں عوامی نجی شراکت داری کے ذریعے ڈیری فارمرز کی پیداوری اقدام کے تحت یہ سہولت کسانوں تک پہنچانے کے اقدامات کر رہا ہے۔ یہ قدم ڈیری فارمز لائیوسٹاک اور میٹ کے سیکٹر میں 14 ارب کی خطیر رقم کو بچانے میں فائدہ دے گا جو کہ گلگت بلتستان حکومت ملک کے دوسرے حصوں سے اپنی ضروریات پوری کرنے پر صرف کر رہی ہے۔ اس کے تحت ڈیری فارمنگ، یاک فارمنگ، شیپ فارمنگ، گوٹ فارمنگ، پولٹری فارمنگ، فش فارمنگ اور شتر مرغ فارمنگ مین سیکٹرز ہیں جہاں کسان کو 5 سال کے عرصے کے لئے قرضہ دیا جائے گا۔ ZTBL نے ایک ارب روپے کی رقم اس مقصد کے لئے مخصوص کی ہے جو کہ ابتدائی طور پر کسانوں کو مہیا کی جائے گی اور وہ صرف اصل رقم واپس کرنے کے ذمہ دار ہوں گے جبکہ مارک اپ (سود) حکومت گلگت بلتستان برداشت کرے گی۔

زرعی بینک کا یہ قدم گلگت بلتستان کے کسانوں کی معیشت کو بہتر کرنے میں سنگ میل اور گلگت بلتستان کے لوگوں اور حکومت کے لیے مالی شمولیت اور اقتصادی ترقی کے اہداف حاصل کرنے میں بہت معاون ثابت ہوگا۔

(سعد ضیاء)

انچارج تعلقات عامہ